سوال

(206) قرآنِ مجید کی تلاوت کا ثواب فوت شدہ خاوند کو ایصال کرنے کا طریقہ کیا ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میرے خاوند اللہ کو پیارے ہوچکے ہیں، وہ بہت اچھے آدمی تھے۔ میں قرآن مجید پڑھ کر انھیں قرآن کا ثواب بخشنا چاہتی ہوں، اس کا طریقہ بتا دیں۔ (امتہ المحبوب، موہنی روڈلاہور) (۲۳ستمبر۲۰۰۵ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

قرآنِ مجید پڑھ کر کسی فوت شدہ کو بخشنا کتاب و سنت سے ثابت نہیں ۔اپنے مرحوم شوہر کو اپنی نیک دعاؤں میں یاد رکھیں، حسب توفیق صدقہ کریں، حج بدل اور قربانی بھی ہو سکتی ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد:3،کتاب الجنائز:صفحہ:220

محدث فتویٰ